اداریہ

سہ لسانی مجلّہ ''القلم'' کا تازہ شمارہ دسمبر ۲۰۱۲ء نذر قارئین و محققین ہے۔ حسب روایت شمارہ ہذا میں علمی و تحقیقی موضوعات پر غیر مطبوعہ مقالات کا معیاری انتخاب پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اردو، عربی اور انگریزی زبانوں میں تحریر کیے گئے یہ علمی و تحقیقی مقالات نہ صرف پنجاب یونیورسٹی کے محقق اساتذہ کرام کی بیش قیمت تحقیقی کاوشوں کا مظہر ہیں بلکہ وطن عزیز کی دیگر جامعات و کلیات اور علمی اداروں کے محققین اور دانشوروں کی بھی بھرپور نمائندگی کرتے ہیں۔ اس شمارے کا ہر مضمون اپنے موضوع کے لحاظ سے منفرد اور مضمون و مواد کے اعتبار سے متنوع ہے۔ مجلّہ ''القلم'' کی علمی و تحقیقی روایات کے مطابق اس شمارہ کے تحقیقی و علمی معیار کو برقرار رکھنے کی حسب استطاعت کوشش کی گئی ہے۔ تاہم اصلاح و تحسین کی گنجائش یقیناً موجود رہتی ہے۔ مجلّہ آپ کے ہاتھ میں ہے اس کے محتوبات و مندرجات کے معیار اور افادیت کے بارے میں آپ کی قیمتی آراء ہمارے لیے حوصلہ افزائی کا باعث ہوں گی۔

اللہ تبارک وتعالیٰ ہم سب پر اپنی رحمت کا سایہ رکھے اور خدمت علم کو مزید توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

وما توفیقی الا باللہ.

(مدیر)